# امیر لوگوں کے ہاتھوں میں طاقت کا آجانا خطرناک ہے!!!



سرفراز احمد قاسمی

حیدرآباد

دنیا بھر میں دولت واقتدار کا غلط استعمال اوراس پر قابض مٹھی بھر افراد کی جانب سے ظلم وبربریت، حق تلفی اور ناانصافی کی وجہ سے جو نقصانات ہورہے ہیں، سماج اور معاشرہ جس ہنگامی صورتحال سے گذر رہاہے، اس سے کسی طرح کے انکار کی گنجائش نہیں ہے، لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ اسکے سدباب اوراسکی روک تھام کے لئے کوئی میکانزم یا سنجیدہ کوششیں نہیں کی جارہی ہیں، پھرایسے میں دنیا سے جرائم کا خاتمہ کیسے ہوگا؟ امریکہ کے سابق صدر جو بائیڈن گذشتہ مہینے اپنے عہدے سے سبکدوش ہو گئے، انہوں نے سبکدوشی سے قبل ایک الوداعی خطاب کیا، جس میں انہوں نے متنبہ کیا ہے کہ چند انتہائی امیر لوگوں کے ہاتھوں میں طاقت واقتدار کا آجانا خطرناک ہے، اگر ان کے اختیارات کے غلط استعمال کو نہ روکا گیا تو اس کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے، ان کے بقول امریکہ میں بہت زیادہ دولت، طاقت اور اثر و رسوخ اولیگارکی کی شکل اختیار کررہے ہیں، جس سے امریکہ میں پوری جمہوریت، بنیادی حقوق اور آزادیوں کو حقیقت میں خطرات لاحق ہیں، جو بائیڈن نے یہ واضح نہیں کیا کہ ان کا اولیگارکی سے کیا مراد ہے، انہوں نے اپنے خطاب میں سوشل میڈیا کے حوالے سے بڑی کمپنیوں کے فیصلوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا، جو بائیڈن کا کہنا تھا کہ آزاد صحافت تباہ ہورہی ہے، ایڈیٹرز کا کردار ختم ہوتا جارہا ہے، جبکہ سوشل میڈیا بھی فیکٹ چیک ختم کررہا ہے، طاقت اور منافع کے لئے بولے جانے والے جھوٹ سے سچائی کو کچل دیا جاتا ہے، بائیڈن نے اپنے دورصدارت کا خاتمہ ایک سفارتی محاذ پر بڑی کامیابی کے ساتھ کیا ہے، انہوں نے اپنے خطاب میں اعلان کیا کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ میں جنگ بندی کا معاہدہ ہو گیا ہے، اس معاہدے پر زیادہ تر عمل درآمد امریکہ میں آئندہ ہفتے آنے والی نئی انتظامیہ کے دور میں ہوگا، اپنے الوداعی خطاب میں انہوں نے اپنی ٹیم کو ہدایت کی تھی کہ وہ نئی انتظامیہ کو پوری طرح باخبر رکھے، جو بائیڈن نے ایک خط بھی جاری کیا جس میں انہوں نے اپنی انتظامیہ کے ساتھ دورصدارت کا 2021 میں آغاز کا تذکرہ کیا ہے، جب دنیا کوکورونا وبا کا سامنا تھا، اس وقت امریکہ کے دارالحکومت پر ان کے حریف کے حامیوں نے دھاوا بول دیا تھا، تاکہ نومبر 2020 میں ہونے والے الیکشن کے نتائج کو تبدیل کیا جاسکے، جس میں ڈونالڈ ٹرمپ کے مقابلے میں جو بائیڈن کو کامیابی ملی تھی، بائیڈن نے کہا کہ چار سال قبل ہم خطرات اور امکانات کے موسم سرما میں کھڑے تھے، لیکن ہم نے بحیثیت امریکی اتحاد کا مظاہرہ کیا اور بہادری سے مقابلہ کیا، ہم مزید مضبوط خوشحال اور محفوظ ہو کر سامنے آئے، یہ جو بائیڈن کا امریکی صدر کے دفتر اوول آفس سے پانچواں اورآخری خطاب تھا، بائیڈن نے رواں برس جولائی میں آخری بار اوول آفس سے خطاب کیا تھا، جس میں انہوں نے نومبر 2024 میں ہونے والے صدارتی الیکشن لڑنے سے دستبردار ہونے کا اعلان کیا تھا، صدر بائیڈن نے اپنی نائب کملا ہیرس کی ریپبلکن امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ کے خلاف ڈیموکریٹ امیدوار کی حیثیت سے توثیق کی تھی، وہی رائے عامہ کے سروے کرنے والی امریکی کمپنی گیلپ کے مطابق جو بائیڈن صدارت کا عہدہ ایسے موقع پر چھوڑ رہے ہیں جب ان کی امریکی عوام میں تائید صرف 39 فیصد ہے، امریکی ریاست ٹینیسی کی وینڈر بلٹ یونیورسٹی سے وابستہ صدارتی تاریخ داں تھامس شوارٹز کے مطابق موجودہ صدر کی میراث اس سے متاثر ہوگی کہ آئندہ چار برس ڈونالڈ ٹرمپ کس طرح کی طرز حکمرانی اختیار کرتے ہیں، وائس آف امریکہ سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ اگر ٹرمپ کا دور ایک آفت کے طور پر ختم ہوا یا ان کے دور میں معاشی افراتفری ہوئی یا مزید عالمی تنازعات نے جنم لیا تو جو بائیڈن کے دور کو زیادہ احسن انداز میں یاد کیا جائے گا، وائٹ ہاؤس نے بھی ایک وسیع حقائق نامہ جاری کیا ہے جس میں صدر جو بائیڈن اور نائب صدر کملا ہیرس کے دور میں امریکہ کے اندر اور خارجی سطح پر حاصل کی جانے والی کامیابیوں کا ذکر کیا گیا ہے، اس حقائق نامے میں واضح کیا گیا ہے کہ اس دور میں امریکہ میں ایک کروڑ 66 لاکھ نوکریوں کے مواقع پیدا کئے گئے، جبکہ جی ڈی پی 6.12 فیصد تک پہنچا، حقائق نامے میں جو بائیڈن کے دور میں ان کے دستخطوں سے جاری ہونے والے قوانین کا ذکر شامل ہے، جو بائیڈن نے 15 جنوری کی صبح اپنے الوداعی خطاب کا اختتام، خدمت کا اعزاز دینے پر امریکی عوام کے شکریہ کے ساتھ کیا، جو بائیڈن نے کہا کہ میں آج بھی اس نظریے پر یقین رکھتا ہوں جس کے لیے قوم کھڑی ہے، ایک ایسی قوم جس کے لیے اداروں کی مضبوطی اور افراد کا کردار اہمیت کا حامل ہے بائیڈن کے اس الوداعی خطاب کو پھر سے پڑھئے اور اپنے ملک بھارت میں کیا ہورہاہے؟ کیوں ہورہاہے، اسکا اندازہ لگائیے کہ ہمارا بھارت کس راستے پر جارہاہے؟ اور اسکا حل کیاہے؟ جبکہ کانگرس کا کہنا ہے کہ مودی حکومت گڈ اینڈ سروس ٹیکس (جی ایس ٹی) کے ذریعے عام لوگوں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہی ہے اور عام لوگوں سے زیادہ ٹیکس وصول کرکے سرمایہ داروں کی دولت میں اضافہ کر رہی ہے، کانگرس کے لیڈر شکتی سنگھ گوہل نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر میں ایک پریس کانفرنس میں جی ایس ٹی کو عام لوگوں کے لیے دہشت گردانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کسانوں سے کپاس پر ایڈوانس لے رہی ہے اور اس کے بدلے میں سود بھی نہیں دے رہی ہے، کاشتکاری میں استعمال ہونے والے آلات اور کیڑے مار ادویات پر بھاری ٹیکس لگائے جارہے ہیں اور سرمایہ داروں کو ٹیکسوں سے ریلیف دیا جارہاہے، جی ایس ٹی کی بنیاد آسانی پر مبنی تھی اور اس کی بنیاد بھی وہی ہونی چاہیے تھی لیکن مودی سرکار نے اس میں سلیب بڑھا کر جی ایس ٹی کی دہشت پیدا کر دی ہے، جس سے عام آدمی پریشان ہو گئے ہیں، پاپ کورن پر تین سلیب میں ٹیکس لگایا جارہاہے اور ایسا کرکے حکومت عام لوگوں پر ظلم کر رہی ہے، گوہل نے کہا کہ مودی حکومت میں غریبوں اور عام لوگوں سے جی ایس ٹی بہت زیادہ لیا جارہا ہے لیکن اربوں اور کھربوں روپے کمانے والے سرمایہ داروں کو ٹیکس میں چھوٹ دی جا رہی ہے، اسی کا نتیجہ ہے کہ آج غریب اور امیر کے درمیان خلیج بہت بڑھ گئی ہے اور یہ انگریزوں کے دور سے بھی زیادہ وسیع ہو گئی ہے، انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے سرمایہ داروں کو دو لاکھ کروڑ روپے کی ٹیکس سے چھوٹ دی ہے، یہی نہیں حکومت نے بڑے صنعت کاروں کے 17 لاکھ کروڑ روپے کے این پی اے کو معاف کردیا ہے اور اس معافی کے بدلے ان سرمایہ داروں نے الیکٹرانک بانڈ خرید کر بھارتی جنتا پارٹی اور بی جے پی کو چندہ دیا ہے، کانگرس کے لیڈر نے کہا کہ جی ایس ٹی کا مقصد ٹیکس وصولی کے نظام کو آسان بنانا تھا لیکن مودی حکومت نے عجلت میں جی ایس ٹی کو نافذ کرکے اسے پیچیدہ بنا دیا ہے اور عوام اس پر بنائے گئے سلیبوں میں پس رہے ہیں، اس ٹیکس کے ذریعے ملک کے غریبوں سے پیسہ چھینا جارہا ہے، ٹیکس جمع کرنے کا ایک نظام ہے اور اس کا مقصد سب کو فائدہ پہنچانا تھا، لیکن مرکزی حکومت سیس لگا کر بہت زیادہ آمدنی حاصل کررہی ہے اور صرف سیس لگا کر اپنی جیبیں بھر رہی ہے، گوہل نے کہا ہے کہ مسئلہ یہ ہے کہ ٹیکس کے نظام میں کسانوں سے بھی دھوکہ کیا جارہا ہے اور کسان اپنی فصلوں کو کیڑوں سے بچانے کے لیے جو کیمیکل استعمال کرتے ہیں، ان پر 28 فیصد جی ایس ٹی وصول کیا جا رہاہے، صحت کے شعبے میں انشورنس سسٹم پر 18 فیصد جی ایچ ڈی وصول کی جارہی ہے، حکومت عام آدمی سے بہت زیادہ ٹیکس لے کر اپنے چند سرمایہ داروں کی دولت میں اضافہ کر رہی ہے جو انتہائی خطرناک ہے، کانگرس کے لیڈر نے مودی حکومت کے ترقیاتی ماڈل کو راون کی ترقی کا ماڈل قرار دیتے ہوئے کہا کہ جس طرح لنکا میں کچھ محل سونے کے بنے تھے وہ سب راون کے پسندیدہ لوگوں کے تھے اور وہاں عام لوگ پریشان تھے، مودی حکومت رام راجیہ کی بات کرتی ہے لیکن ان کا ٹیکس وصولی کا نظام راون کے انداز میں کام کر رہا ہے۔ عام آدمی پارٹی کے سربراہ کیجریوال نے بھی مرکزی حکومت پر چند ارب پتی دوستوں پر ملک کے خزانے کو لٹانے کا الزام لگایا ہے اروند کیجری وال نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ انہوں نے آج ایک اہم معاملے پر وزیراعظم نریندر مودی کو خط لکھا ہے، جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ بھارتی جنتا پارٹی (بی جے پی) کی مرکزی حکومت تمام دولت، چند لوگوں کو لٹا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ وہ پہلے اپنے ارب پتی دوستوں کو قرض دیتے ہیں پھر قرض معاف کر دیتے ہیں، اب تک تقریباً 500 ارب پتی دوستوں کے 10 لاکھ کروڑ روپے کے قرضے معاف کئے جاچکے ہیں، کیجری وال نے کہا کہ اگر حکومت قرضے معاف کرنا چاہتی ہے تو متوسط طبقے اور کسانوں کے قرضے معاف کرے، متوسط طبقہ سالانہ 12 لاکھ روپے کماتا ہے اور اس کی نصف آمدنی مختلف قسم کے ٹیکس ادا کرنے میں چلی جاتی ہے اور اس کے بدلے میں اسے کچھ نہیں ملتا، دہلی کے سابق چیف منسٹر نے مطالبہ کیا ہے کہ کسی بھی ارب پتی کا قرضہ معاف نہ کیا جائے، انہوں نے کہا کہ میں نے حساب لگایا ہے کہ اگر امیروں کے قرض معاف نہ کئے گئے تو ٹیکس کی شرح آدھی رہ جائے گی، جی ایس ٹی کو آدھا کیا جاسکتا ہے اور کھانے پینے کی اشیاء پر سے جی ایس ٹی کو بھی معاف کیا جاسکتا ہے۔ گاندھی جی کہتے تھے اور بالکل ٹھیک کہتے تھے کہ معاشی غربت، عدم مساوات ہمارے معاشرے کا اخلاقی زوال ہے جو معاشرہ لاکھوں اور کروڑوں لوگوں کو بے روزگار رکھتا ہو اسکے معاشی نظام کو بالکل قبول نہیں کیا جاسکتا، پھر بھلے ہی وہ شرح نمو کی بلند ترین سطح کی مظہر کیوں نہ ہو، صنعت کی فطرت دوسروں کی قیمت پر ترقی کرنے کی ہے، صنعت کاری استحصال کو کم نہیں کرتی، استحصال کے اس عمل میں معاشرہ اپنی آزادی بھی کھو بیٹھتا ہے۔ راجیہ سبھا میں صدر کانگریس کھڑگے نے بے روزگاری، مہنگائی، نوٹ بندی اور کسانوں کی آمدنی جیسے اہم ایشوز سے متعلق سوال اٹھائے اور مودی حکومت کو پرانے وعدے یاد دلائے، پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس جاری ہے، اسی درمیان صدر کانگریس نے کہا کہ وزیراعظم نے عوام سے بڑے بڑے وعدے کئے تھے لیکن ان میں سے ایک بھی وعدہ پورا نہیں کیا گیا، انہوں نے حکومت سے جواب مانگتے ہوئے کہا کہ عوام کو سچائی بتائی جائے کہ ان سے جو وعدے کئے گئے تھے ان وعدوں کا کیا ہوا؟ کھڑگے نے راجیہ سبھا میں مودی حکومت کو 11 اہم وعدے یاد دلائے، وہ کچھ اسطرح ہیں بلیک منی واپس لانے کا وعدہ: پی ایم مودی نے کہا تھا کہ بیرون ملک سے بلیک منی لاکر ہر شہری کے اکاؤنٹ میں جمع کئے جائیں گے لیکن ایسا نہیں ہوا۔ روزگار دینے کا وعدہ: 2014 کے انتخابات میں کہا گیا تھا کہ ہر سال دو کروڑ ملازمتیں دی جائیں گی، لیکن آج شرح بے روزگاری اپنی اعلیٰ سطح پر ہے۔ پٹرول ڈیزل کی قیمتیں کم کرنے کا وعدہ: مودی حکومت نے دعویٰ کیا تھا کہ پٹرول و ڈیزل کو سستا کیا جائے گا لیکن آج اسکی قیمتیں آسمان چھو رہی ہیں۔ گنگا کی صفائی کا وعدہ: حکومت نے گنگا کو پوری طرح صاف کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن آج بھی گنگا کی حالت جوں کی توں بنی ہوئی ہے، وہیں کمبھ میں سیاسی لیڈران جاکر گندگی پھیلارہے ہیں جسکی صفائی بہت مشکل ہے۔ انفراسٹرکچر پروجیکٹس کو تیزی سے نافذ کرنے کا وعدہ: انفراسٹرکچر پروجیکٹس کو تیزی سے نافذ کرنے کا وعدہ پی ایم مودی نے کیا تھا لیکن کئی پروجیکٹس اب بھی ادھورے ہیں۔ میک ان انڈیا سے دس کروڑ ملازمتوں کا وعدہ: حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ 2022 تک مینوفیکچرنگ سیکٹر میں 10 کروڑ ملازمتیں دی جائیں گی۔ کسانوں کی آمدنی دوگنی کرنے کا وعدہ: مودی نے کہا تھا کہ 2022 تک کسانوں کی آمدنی دوگنی ہوجائے گی، لیکن ابھی کسانوں کی کیا حالت ہے یہ سبھی کو معلوم ہے۔ نوٹ بندی کے دوران کیا گیا وعدہ: نوٹ بندی کے دوران پی ایم مودی نے وعدہ کیا تھا کہ پچاس دنوں میں حالت بہتر نہیں ہوئی تو وہ کسی بھی سزا کے لئے تیار ہیں، لیکن عوام کو ابھی تک اسکا جواب نہیں ملا۔ بلٹ ٹرین چلانے کا وعدہ: حکومت نے 2022 تک ممبئی۔ احمد آباد بلٹ ٹرین شروع کرنے کا وعدہ کیا تھا، لیکن یہ وعدہ اب تک پورا نہیں ہوا۔ پی ایم کسان منصوبہ: حکومت نے کہا تھا کہ ہر کسان کو پی ایم کسان منصوبہ سے معاشی فائدہ پہونچایا جائے گا، لیکن زمینی حقیقت کچھ الگ ہی ہے۔ بھگوڑے معاشی مجرموں کو واپس لانے کا وعدہ: مودی حکومت نے معاشی جرائم پیشوں کو بیرون ممالک سے واپس ہندوستان لانے کا وعدہ کیا تھا، لیکن وہ آج بھی واپس نہیں لائے گئے ہیں۔ کیا ان چیزوں سے آپ کو لگتا نہیں ہے کہ مجموعی طور پر حکومت کی معیشت اور ترقیاتی فریم ورک میں اجتماعی معاشرہ تو ہے ہی نہیں، وہ اپنے حصوں کو علیحدہ علیحدہ اٹھاتی ہے اور ترقی کے اپنے خاکوں میں اسطرح فٹ کرتی ہے کہ اسکے اپنے اور کارپوریٹ ورلڈ کے سیاسی اور اقتصادی مفادات پورے ہوتے رہیں، چونکہ یہ ان حصوں کو ان مفادات کے اندر پنپنے کی محدود آزادی دیتی ہے اسلئے وہ کبھی بھی کھل کر توسیع نہیں کرپاتے، چاہے وہ زراعت ہو، یا نوجوان، یا تعلیم اور روزگار، کیا حکومتوں کی اسطرح کی پالیسیاں خطرناک نہیں ہیں ذرا آپ بھی سوچئے!

(مضمون نگار، معروف صحافی اور کل ہند معاشرہ بچاؤ تحریک کے جنرل سکریٹری ہیں)

رابطہ: 8099695186

☆☆☆

# سرکاری دفاتر میں طہارت کے ناقص انتظامات: لوگوں کے مذہبی وتہذیبی جذبات متاثر



محمد عارف انصاری

**مغربی طرز کے بیت الخلاء (کموڈ) کا استعمال ہماری صحت اور روایتی طرزِ زندگی پر اثر ڈالتا ہے۔ ماہرین کے مطابق مشرقی اسکواٹنگ پوزیشن نہ صرف جسمانی ساخت کے مطابق ہے بلکہ صحت کے لیے بھی مفید ہے۔ اس پوزیشن میں جسم کا وزن رانوں پر آتا ہے جو امعائے غلیظہ (Colon) کو دبانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے جس سے فضلہ آسانی سے خارج ہو جاتا ہے۔ مقعدی زاویہ سیدھا ہونے کی وجہ سے آنتیں مکمل طور پر خالی ہو جاتی ہیں اور قبض، اپینڈیسائٹس، اور معدے کی دیگر بیماریوں کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔**

**جسمانی طہارت اور مختلف مذاہب کا نقطۂ نظر:**

جسمانی طہارت اور پاکیزگی تمام مذاہب میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ اسلام میں طہارت کو "نصف ایمان" کہا گیا ہے اور وضو، غسل، استنجا کو عبادات کی قبولیت کے لیے ضروری قرار دیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے: "اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں" (البقرہ: 222)۔ ہندو دھرم میں طہارت کو روحانی ترقی کا لازمی جزو سمجھا گیا ہے۔ منوسمرتی میں ذکر ہے کہ انسان کو دن میں کئی مرتبہ پانی اور دیگر ذرائع سے جسمانی صفائی کرنی چاہیے۔ عیسائیت میں جسمانی صفائی کو روحانی پاکیزگی سے تشبیہ دی گئی ہے۔ دیگر مذاہب جیسے سکھ مت اور جین مت بھی صفائی اور پاکیزگی کو اعلیٰ اقدار میں شامل کرتے ہیں۔ یہ تعلیمات جسمانی طہارت کو صحت مند زندگی، روحانی ترقی، عبادات کی قبولیت اور انسان کی فرحت وخوشی کا لازمی حصہ قرار دیتی ہیں۔

**بول و براز کے حوالے سے مذہبی تعلیمات:**

دین اسلام، ہندو دھرم، عیسائیت اور دیگر مذاہب نے قضائے حاجت کے سلسلے میں صفائی اور طہارت پر زور دیا ہے۔ اسلام میں مفصل آداب بیان کیے گئے ہیں، یہاں تک کہ پیشاب کے چھینٹوں سے بھی بچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "نجاست سے بچو کیونکہ زیادہ تر قبر کے عذاب کا سبب پیشاب کی نجاست ہے" (سنن دارقطنی)۔ ہندو دھرم میں منوسمرتی صفائی کو دھارمک فرض قرار دیتی ہے اور پانی کے ذریعے صفائی پر زور دیا گیا ہے۔ عیسائیت میں صفائی کو روحانی پاکیزگی کی علامت سمجھا گیا ہے۔ سکھ مت، جین مت اور بودھ مت سمیت دیگر تمام مذاہب اس بات پر متفق ہیں کہ پاخانہ و پیشاب کے دوران اور بعد میں صفائی ایک بنیادی انسانی ضرورت اور روحانی پاکیزگی کی شرط ہے نیز انسانی صحت اور معاشرتی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے بھی اہم ہیں۔

**مشرقی اور مغربی طرزِ بیت الخلاء کا تقابلی جائزہ:**

مغربی ثقافت کے زیر اثر ہندستانیوں نے مغربی طرز کے بیت الخلاء (کموڈ) کو اپنایا ہے جو قدرے سہولت تو فراہم کرتا ہے لیکن صحت اور صفائی کے لحاظ سے ہندستانی طرز (بیٹھ کر Squatting Position) قضائے حاجت کرنا زیادہ مفید ہے۔ اس طرز میں مقعد کو مختلف انگلیوں اور پانی کے سہارے تب تک صاف کیا جاتا جب تک چکنائی کا احساس ختم نہ ہو جائے جو حفظانِ صحت کے لیے زیادہ موثر ہے۔ اس کے برعکس کموڈ کے استعمال میں یہ طریقہ ممکن نہیں ہوتا جس کے سبب صفائی فراہم نہیں ہو پانے وجہ سے بیکٹیریا کا پھیلاؤ اور دیگر مسائل پیدا ہونے کا امکان رہتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق مشرقی طریقہ زیادہ قدرتی، صحت بخش اور موثر ہے۔ مغربی طرز (کموڈ) کے استعمال سے بواسیر اور نظامِ انہضام کے مسائل زیادہ عام ہیں جبکہ مشرقی طرز مجموعی طور پر صحت اور طہارت کے لیے زیادہ موزوں ہے۔

**مشرقی طرزِ بیت الخلا کے طبی فوائد:**

مغربی طرز کے بیت الخلاء (کموڈ) کا استعمال ہماری صحت اور روایتی طرزِ زندگی پر اثر ڈالتا ہے۔ ماہرین کے مطابق مشرقی اسکواٹنگ پوزیشن نہ صرف جسمانی ساخت کے مطابق ہے بلکہ صحت کے لیے بھی مفید ہے۔ اس پوزیشن میں جسم کا وزن رانوں پر آتا ہے جو امعائے غلیظہ (Colon) کو دبانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے جس سے فضلہ آسانی سے خارج ہو جاتا ہے۔ مقعدی زاویہ سیدھا ہونے کی وجہ سے آنتیں مکمل طور پر خالی ہو جاتی ہیں اور قبض، اپینڈیسائٹس، اور معدے کی دیگر بیماریوں کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ اس کے برعکس مغربی طرز کے بیت الخلا میں آنتیں مکمل طور پر خالی نہیں ہوتیں، جس سے فضلہ جسم میں رہ جاتا ہے اور بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ اسکواٹنگ پوزیشن خون کی گردش بہتر کرتی ہے، ٹانگوں کو مضبوط بناتی ہے اور حاملہ خواتین کے لیے قدرتی ولادت کو آسان بناتی ہے۔

**مذہبی و ثقافتی روایات کا تحفظ:**

جمہوری اور فلاحی حکومتوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے مذہبی وروحانی عقائد، رسم ورواج اور روایات کا تحفظ کریں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے: "دین میں کوئی جبر نہیں ہے" (البقرہ:256)۔ ہندو مذہب میں بھی اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ حکومت کو عوام کے مذہبی عقائد کا احترام کرنا چاہیے، جیسے کہ گیتا میں کہا گیا ہے: "تمہاری سچائی کے مطابق عمل کرو" (گیتا: 3/35)۔ ہندوستان کے آئین میں مذہبی آزادی کو بنیادی حق قرار دیا گیا ہے، اس لیے حکومت کو عوامی رسم ورواج اور ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنانا چاہیے۔ یہ اقدامات معاشرتی ہم آہنگی اور امن کو فروغ دیتے ہیں۔

**دفاتر اور عوامی مقامات پر بیت الخلاء کی سہولتیں:**

سرکاری دفاتر، اسپتالوں، ریلوے اسٹیشنوں، ایئرپورٹس، اسکولوں اور دیگر عوامی مقامات پر مغربی طرز کے بیت الخلاء عوام کے عقیدۂ طہارت و پاکیزگی سے مطابقت نہیں رکھتے۔ دین اسلام، ہندو مذہب ودیگر ہندستانی مذاہب اور مشرقی تہذیب و ثقافت میں صفائی، طہارت و پاکیزگی کو ایک خاص مقام اور بنیادی اہمیت حاصل ہے جس کے مخصوص اصول وضوابط ہیں۔ مغربی طرز کے بیت الخلاء میں پانی اور صفائی کے اصولوں کا مناسب اہتمام نہ ہونے کے سبب دفاتر میں کام کرنے والے ملازمین اور عوام کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے ان کے مذہبی وتہذیبی عقائد کو ٹھیس پہنچتی ہے اور جسمانی و ذہنی سکون کو متاثر کرتا ہے۔ پٹنہ کلکٹریٹ ہی کی مثال لیجیے جہاں عمارت اپنی عالی شان تعمیر کے باوجود بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مغربیت زدگی کا شکار ہے۔ وہاں موجود دیواری "یورینل" نظام جس میں کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی مجبوری ہے استنجا اور طہارت کی کسی گنجائش کو نظرانداز کرتا ہے۔ اسی طرح قضائے حاجت کے لیے مغربی طرز کا "کموڈ" موجود ہے، جس میں آبدست کا کوئی موقع میسر نہیں۔ اگر کوئی شخص بحالتِ مجبوری ان کا استعمال کر بھی لے تو وہ گھر پہنچنے تک ذہنی بے چینی و اضطراب کا شکار رہتا ہے اور طہارت حاصل کیے بغیر سکون نہیں پاتا۔ صورتحال نہ صرف اس کی ذاتی زندگی بلکہ کام کی کارکردگی پر بھی منفی اثر ڈالتی ہے۔ کیا ایک جمہوری اور فلاحی حکومت کی یہ ذمہ داری نہیں کہ وہ اپنے ملازمین اور عوام کے لیے صاف ستھرا اور ان کے مذہبی وثقافتی عقائد سے ہم آہنگ ماحول فراہم کرے؟ ایسے بنیادی مسائل کو حل کرنا حکومت کے لیے نہایت ضروری ہے تاکہ ہر فرد باوقار اور آرام دہ ماحول میں اپنی ذمہ داریاں ادا کر سکے۔ حکومت کو چاہیے کہ عوامی مقامات اور سرکاری دفاتر میں بیت الخلا کے ڈیزائن عوام کے عقائد، روایات اور ضروریات کے مطابق بنائے۔ مشرقی طرز کے بیت الخلا کا اہتمام لازمی قرار دیا جائے یا کم از کم دونوں طرز مہیا کیے جائیں تاکہ عوام اپنی سہولت کے مطابق انتخاب کرسکیں۔ پانی کی دستیابی، طہارت کے لیے موزوں ڈیزائن اور صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے۔ معماروں اور ماہرین کی مدد سے ثقافتی حساسیت کے مطابق ماڈلز تیار کیے جائیں۔ عوامی مقامات پر طہارت کی سہولیات کے لیے مستقل مانیٹرنگ سسٹم بنایا جائے اور ان جگہوں پر صفائی کے اصولوں کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائے تاکہ پُراعتماد اور صحت مند معاشرے کا قیام ممکن ہو۔

رابطہ: 9572908382

# ڈاکٹر عمار رضوی: ایک ہمہ گیر شخصیت کا سفر

ابوشحمہ انصاری

سعادت گنج، بارہ بنکی



ایک سیاستدان کی شخصیت اور خصوصیات کسی بھی قوم کی ترقی اور فلاح میں کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ ایک کامیاب اور بہترین سیاستدان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایماندار، دیانتدار اور بے لوث ہو۔ اسے عوام کے مسائل کی گہرائی کو سمجھنے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہونا چاہیے۔ اس کی گفتار میں سچائی اور عمل میں استقامت ہونا اس کی کامیابی کی بنیاد ہے۔ ایک سیاستدان کو نہ صرف وسیع علمی پس منظر کا حامل ہونا چاہیے بلکہ بہترین گفتگو کی مہارت اور فیصلہ سازی کی غیر معمولی صلاحیت بھی اس کی شخصیت کا حصہ ہونی چاہیے۔ ایک سچے سیاستدان کے دل میں ہمیشہ قومی مفاد کو ذاتی مفادات پر ترجیح دینے کا جذبہ ہونا چاہیے۔ عوام کی خدمت کا جنون، برداشت کا مظاہرہ، اور مختلف نظریات کو سننے اور قبول کرنے کی اہلیت اس کی کامیاب قیادت کا راز ہے۔ ایک عظیم سیاستدان اپنی قیادت میں اتحاد، انصاف، اور برابری کا ایسا ماحول پیدا کرتا ہے جو قوم کو ترقی کی راہ پر گامزن کر دیتا ہے۔ خلوص، محنت، اور دیانتداری وہ صفات ہیں جو عوام کے دلوں میں کسی بھی رہنما کے لیے عزت و مقام پیدا کرتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جس سیاستدان میں یہ خصوصیات پائی جاتی ہیں، وہ نہ صرف مقبول ترین سیاستدانوں کی فہرست میں شامل ہوتا ہے بلکہ عوام کے دلوں پر بھی حکمرانی کرتا ہے۔ سیاست اور سماج کے درمیان ہمیشہ ایک گہرا تعلق رہا ہے۔ ایک بہترین سیاستدان سماج کے اتار چڑھاؤ اور ناہمواریوں پر گہری نظر رکھتا ہے اور ان کا تدارک کرتا ہے، جیسے ایک طبیب بیمار کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ اس تناظر میں اگر ہم عظیم سیاستدانوں کی بات کریں تو ڈاکٹر عمار رضوی کا ذکر ضروری ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر عمار رضوی ایک ایسی شخصیت کا نام ہے جو نہ صرف سیاست بلکہ خدمت اور قیادت کا عملی نمونہ ہیں۔ ڈاکٹر عمار رضوی کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ وہ ایک ایسی ہمہ جہت شخصیت کے حامل ہیں جن پر لکھنے کے لیے ایک ضخیم کتاب بھی ناکافی محسوس ہوتی ہے۔ ان کی شخصیت رنگارنگ خوبیوں کا مجموعہ ہے، جو ایک خوبصورت اندردھنش کی مانند ہے۔ ڈاکٹر عمار رضوی نے سیاست کو عوامی خدمت کا ذریعہ بنایا اور ہمیشہ قومی مفادات کو ترجیح دی۔ بلاشبہ، ڈاکٹر عمار رضوی جیسی شخصیات کسی بھی قوم کے لیے باعث فخر ہوتی ہیں۔ ان کی قیادت، خدمات، اور عوام سے محبت انہیں ایک مثالی سیاستدان کے طور پر منفرد مقام عطا کرتی ہے۔ "ایک نام ہزار داستان" میں ڈاکٹر عمار رضوی کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے، جس میں ان کی ابتدائی تعلیم، سیاست میں ان کی آمد، اور تدریسی زندگی شامل ہیں۔ یہ انٹرویو ڈاکٹر عمار رضوی کے مختلف تجربات اور ان کی شخصیت کی خصوصیات کو بیان کرتا ہے، اور ان کے ذریعے حاصل ہونے والی کامیابیوں اور سبقوں پر روشنی ڈالتا ہے۔



حالیہ کچھ عرصے میں حاصل کی گئی معلومات سے یہ بات واضح ہوئی کہ ڈاکٹر عمار رضوی ایک ایسی شخصیت ہیں جنہوں نے ہر میدان میں اپنی محنت، عزم، اور علم سے کامیابیاں حاصل کیں اور ساتھ ہی عوامی خدمت کے شعبے میں بھی ایک خاص مقام پیدا کیا۔ ان کی زندگی کے کئی اہم پہلو ہیں، جن کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی شخصیت کو بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر عمار رضوی کا تعلق اتر پردیش کے محمود آباد سے ہے، جو ایک متوسط طبقے کا علاقہ ہے۔ ان کی ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں کے ایک مقامی اسکول سے ہوئی، جہاں انہوں نے اپنی غیر معمولی ذہانت کا لوہا منوایا۔ ان کی تعلیمی بنیادیں مضبوط تھیں، اور یہی وجہ تھی کہ وہ جلد ہی اپنی قابلیت کے لحاظ سے دوسرے طالب علموں میں ممتاز ہو گئے۔ اس کے بعد انہوں نے لکھنؤ یونیورسٹی سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی، جہاں انہوں نے سیاسیات میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی، اور بعد میں اسی شعبے میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری بھی حاصل کی۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر رضوی نے تحقیق کے میدان میں بھی نمایاں کام کیا۔ انہوں نے سیاسیات اور سماجی علوم کے حوالے سے کئی تحقیقی مقالے لکھے جو قومی اور بین الاقوامی سطح پر شائع ہوئے۔ ان کی تحقیق کا خاص پہلو یہ تھا کہ انہوں نے معاشرتی مسائل کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا، اور ان مسائل کے حل کے لیے عملی اور قابلِ عمل منصوبے پیش کیے۔ ان کی تحقیق میں ہمیشہ معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح کی جھلک نظر آتی تھی۔ ڈاکٹر رضوی ایک بہترین استاد تھے جنہوں نے صرف نصاب کی تدریس نہیں کی بلکہ طلبہ کی شخصیت سازی پر بھی بھرپور توجہ دی۔ ان کی تدریس کا مقصد صرف علم منتقل کرنا نہیں تھا بلکہ وہ اپنے طلبہ کو عملی زندگی کے لیے تیار کرتے تھے۔ وہ کلاس روم میں علم اور اخلاقی تربیت کے امتزاج سے اپنے طلبہ کی رہنمائی کرتے، تاکہ وہ نہ صرف اپنے شعبے میں ماہر بنیں بلکہ سماجی مسائل کو بھی سمجھیں اور ان کے حل میں اپنا کردار ادا کریں۔ عمار رضوی نے اپنے تعلیمی اور تدریسی سفر کے دوران سیاست میں بھی قدم رکھا۔ ان کا سیاست میں آنے کا فیصلہ ایک نیا موڑ تھا۔ ان کی ملاقات وزیر اعظم اندرا گاندھی سے ہوئی، جنہوں نے انہیں کانگریس جوائن کرنے کی ترغیب دی۔ اس کے بعد ڈاکٹر عمار نے سیاست میں قدم رکھا اور وہاں اپنی دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کو مقدم رکھا۔ ان کی سیاست کا محور ہمیشہ عوام کی فلاح و بہبود رہا، اور ان کے فیصلے ہمیشہ عوام کے مفاد میں تھے۔ ڈاکٹر عمار کی سیاست میں شفافیت اور عوامی خدمت پر زور تھا۔ انہوں نے عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے کئی اہم اقدامات کیے۔ وہ ایک ایسے رہنما تھے جو عوام کے درمیان رہتے تھے اور ان کے مسائل کو براہِ راست سنتے تھے۔ ان کی قیادت میں کئی ترقیاتی منصوبے مکمل ہوئے، جن میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اصلاحات، اور غربت کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات شامل ہیں۔ انہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں کئی اہم عہدے حاصل کیے اور دو بار اتر پردیش کے عبوری وزیر اعلیٰ بھی رہے۔ علاوہ ازیں، انہوں نے اپنے آبائی قصبے محمود آباد میں ایک تعلیمی ادارہ قائم کیا جو جلد ہی یونیورسٹی میں تبدیل ہونے والا ہے۔ ان کی سب سے بڑی خوبی ان کی اخلاقی اقدار اور انسان دوستی تھی۔ انہوں نے ہمیشہ اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے انسانیت کی خدمت کی اور عوامی فلاح کے لیے کام کیا۔ ان کی قیادت نے انہیں عوام میں ایک منفرد مقام دلایا، اور وہ ہمیشہ اپنے عوام کے درمیان ایک قابلِ اعتماد رہنما کے طور پر جانے گئے۔ مسٹر رضوی نے ہمیشہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو پہچانیں اور انہیں معاشرتی ترقی کے لیے استعمال کریں۔ ان کی زندگی ایک نمونہ ہے کہ محنت، دیانتداری، اور عزم سے کوئی بھی شخص اپنی منزل تک پہنچ سکتا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کے لیے اپنے تجربات اور کامیابیوں کو شیئر کیا، تاکہ وہ ان سے سیکھیں اور معاشرتی بہتری کے لیے اپنی طاقت کا استعمال کریں۔ مسٹر رضوی کا ادب اور ثقافت سے گہرا تعلق تھا۔ وہ نہ صرف ایک بہترین استاد تھے بلکہ ایک کامیاب مصنف اور مقرر بھی تھے۔ ان کی تحریریں اور تقاریر سیاسی موضوعات کے ساتھ ساتھ سماجی مسائل، ادب، اور فلسفے پر بھی محیط ہوتی تھیں۔ ان کی تصانیف ان کے وسیع علم اور گہرے مشاہدے کی عکاسی کرتی ہیں۔ ادب سے محبت اور ثقافت کی اہمیت ان کی زندگی کا حصہ رہی۔ عمار رضوی کی شخصیت ایک ہمہ گیر امتزاج کی حامل ہے۔ وہ ایک محقق، استاد، سیاستدان، اور انسان دوست تھے جنہوں نے اپنی زندگی کو عوامی خدمت اور علم کے فروغ کے لیے وقف کیا۔ ان کی زندگی کی کہانی ایک ایسی داستان ہے جو ہمیں بتاتی ہے کہ دیانتداری، محنت، اور عوامی خدمت کا جذبہ کسی بھی انسان کو عظمت کی بلندیوں تک پہنچا سکتا ہے۔ ان کی شخصیت اور ان کے کام سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، اور ان کی زندگی کے اس سفر سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ انسان کے لیے اپنی زمین، عوام، اور علم کے لیے کام کرنا ہی حقیقت میں کامیابی کی سب سے بڑی تعریف ہے۔

☆☆☆☆☆☆

# اظہر الدین: 'کلائی کے جادوگر' انڈین کپتان جن کا کیریئر میچ فکسنگ کے الزام کی نذر ہوا

'قسمت کے کھیل نرالے میرے بھیا۔۔۔' بالی وڈ کا یہ گیت معروف انڈین کرکٹر اور سابق کپتان محمد اظہر الدین پر سب سے زیادہ صادق نظر آتا ہے۔ محمد اظہر الدین کی کہانی فرش سے عرش پر پہنچنے اور پھر ڈوب جانے کی ہے جس میں اتنے رنگ اور نشیب و فراز ہیں جو کسی تھرلر فلم میں ہو سکتے ہیں اور شاید اسی وجہ سے بالی وڈ کے اداکار عمران ہاشمی نے ان پر مبنی فلم 'اظہر' میں ان کا کردار ادا کیا ہے۔

8 فروری 2025 کو اپنی 62 ویں سالگرہ منانے والے اظہر نے سنہ 1988 میں نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے میں



62 گیندوں پر سنچری بنائی تھی جو کہ اس وقت ون ڈے کی تیز ترین سنچری تھی اور ان کا یہ ریکارڈ کئی سال تک قائم رہا جسے سنتھ جے سوریا اور پھر شاہد آفریدی نے توڑا۔ اب یہ ریکارڈ جنوبی افریقہ کے کھلاڑی اے بی ڈیویلیئرز کے پاس ہے۔

اظہر الدین 8 فروری سنہ 1963 کو حیدر آباد میں محمد عزیز الدین اور یوسف سلطانہ کے گھر پیدا ہوئے۔ لیکن یکم فروری 1985 کو انھوں نے جو تاریخ رقم کی وہ آج تک قائم ہے۔ وہ دنیا کے پہلے بلے باز ہیں جنھوں نے اپنے پہلے تین ٹیسٹ میچوں میں لگاتار تین سنچریاں بنائیں۔

اس وقت انھیں 'ونڈر بوائے' کے نام سے پکارا گ?ا۔ اپنی شرٹ کے کالر کو کھڑا رکھنے والے اظہر الدین کے بارے میں سارے کرکٹ مبصرین ایک بات ایک زبان میں کہتے ہیں کہ اظہر الدین عاجزی اور انکساری کا مرقع ہیں۔

### اظہر الدین اور قسمت کا کھیل

اظہر الدین کے ساتھ کرکٹ کھیلنے والے حیدر آباد کے سپنر ارشد ایوب نے ایک بار ان کے بارے میں کہا تھا: 'کسی نے کبھی سوچا نہیں تھا کہ محمد اظہر الدین اتنے بڑے کرکٹر بن جائیں گے۔ سلیکٹرز انھیں ڈراپ کرنا چاہتے تھے لیکن چند سینیئرز نے کہا کہ انھیں ایک اور موقع دیا جانا چاہیے اور اپنے اگلے رنجی میچ میں انھوں نے سنچری بنائی اور پھر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔'

ان کی قسمت نے بس وہیں یاوری نہیں کی بلکہ انڈین ٹیم میں کپل دیو اور گاوسکر کے درمیان مسابقت نے انھیں اچانک موقع فراہم کر دیا۔ 1983 میں ورلڈ کپ جیتنے کے بعد ویسٹ انڈیز کے خلاف خراب کارکردگی کی وجہ سے کپل کو کپتانی سے ہٹا دیا گ?ا اور ان کی جگہ گاوسکر دوبارہ کپتان مقرر کیے گئے۔ پہلے ٹیسٹ میں انڈیا نے کامیابی حاصل کی لیکن دوسرے میچ میں انڈیا کو آٹھ وکٹوں سے شکست ہوئی اور اس کے لیے کپل دیو کو اور سندیپ پاٹل کو اچانک آرام دیا گیا۔

سندیپ پاٹل کی جگہ آنے والے پتلے دبلے کمزور سے کھلاڑی محمد اظہر الدین تھے۔ 31 دسمبر 1994 کو وہ بیٹنگ کرنے اترے لیکن خراب موسم کی وجہ سے دن کا کھیل متاثر ہوتا رہا۔ پہلے دن کے کھیل کے ختم پر انھوں نے 13 رنز بنائے تھے۔ دوسرے دن یکم جنوری کو بھی کھیل متاثر رہا اور اظہر نے مزید آٹھ رنز کا اضافہ کیا۔ دو جنوری کو آرام کا دن تھا لیکن تین جنوری کی صبح کلکتہ (اب کولکتہ) کے ایڈن گارڈنز پر ایک نئے سورج کو لے کر آئی تھی۔

اظہر الدین نے 322 گیند پر دس چوکوں کی مدد سے 110 رنز بنائے۔ یہ میچ بے نتیجہ ثابت ہوا۔ سیریز کا چوتھا ٹیسٹ 13 جنوری کو مدراس (اب چینئی) میں شروع ہوا۔ پہلی اننگز میں اظہر الدین نے 48 رنز بنائے۔ لیکن جب دوسری اننگز آئی تو انڈیا کو شکست سے بچنے کے لیے 380 رنز درکار تھے اور اظہر الدین نے انتہائی خوبصورت کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 18 چوکوں کی مدد سے 105 رنز بنائے۔ یہ ان کی دوسری سنچری تھی۔ اسی کے ساتھ وہ انڈیا کے پہلے اور دنیا کے تیسرے کھلاڑی بن گئے جنھوں نے اپنے پہلے دو ٹیسٹ میچوں میں سنچریاں لگاء?ں۔

تیسرا ٹیسٹ 31 جنوری کو کانپور کے گرین پارک میں شروع ہوا۔ کپتان گاوسکر کے نو رنز پر آوٹ ہونے کے بعد محمد اظہر الدین بیٹنگ کرنے آئے اور پورے دن بیٹنگ کرتے رہے۔ شام کو جب کھیل ختم ہوا تو وہ 98 رنز پر ناٹ آوٹ تھے۔

### 'ونڈر بوائے' کا جنم

پوری دنیا میں کرکٹ شائقین نے اس تذبذب میں رات کاٹی کہ آیا وہ تین ٹیسٹ میں تین سنچری لگانے کا ایک نیا ورلڈ ریکارڈ قائم کر پائیں گے۔ بہر حال یکم فروری کا سورج اظہر الدین کے لیے ایک نئے ورلڈ ریکارڈ کے ساتھ طلوع ہوا۔ اظہر الدین نے اپنی سنچری مکمل کی اور یوں دنیائے کرکٹ نے اسے 'ونڈر بوائے' پکارا۔

اسی میچ کی دوسری اننگز میں جب پہلا وکٹ گرا اور ساشتری صرف دو رنز بنا کر رن آوٹ ہوئے تو اظہر الدین ایک بار پھر بیٹنگ کرنے آئے۔ انھوں نے جس تیز رفتاری سے رنز بنائے اس سے یوں لگا کہ وہ اپنی چوتھی سنچری بھی مکمل کر لیں گے۔ انھوں نے 43 گیندوں پر 54 رنز بنائے لیکن اسی وقت گاوسکر نے ایک وکٹ پر 97 رنز کے سکور پر اننگز ڈیکلیئر کر دی جس کا بہت سے لوگوں کو آج تک ملال ہے اور اس زمانے میں کئی اخباروں میں یہ بات شائع ہوئی کہ 'کیا گاوسکر اظہر الدین سے جلتے ہیں؟'

اس کی تاویل میں کئی لوگوں نے یہ بھی کہا کہ چونکہ گاوسکر نے اپنی پہلی ٹیسٹ سیریز میں چار سنچریاں بنائی تھیں اس لیے وہ یہ نہیں چاہتے تھے کہ اظہر ان کی برابری کریں۔ بہر حال اس کے بعد اظہر الدین نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ انگلینڈ کے خلاف انھیں تین ونڈے میں بھی موقع ملا۔ پہلے میچ میں انھوں نے 47 ناٹ آوٹ دوسرے میں 47 آوٹ اور تیسرے میں دس رنز بنائے۔ اظہر الدین نے آسٹریلیا میں عمران خان کی پاکستان ٹیم کے خلاف ون ڈے میں اپنی پہلی نصف سنچری بنائی، وہ 93 رنز بنا کر ناٹ آوٹ رہے۔ ان کی اس اننگ نے انڈیا کے خلاف پاکستان کی جیت کا رُخ بھی موڑ دیا۔

### ظہیر عباس اور گریگ چیپل سے مشابہت

اظہر الدین کے بارے میں کرک انفو لکھتا ہے: 'جن لوگوں نے بہترین بیٹنگ آرٹسٹ کو اپنے عروج پر دیکھا وہ اسے کبھی نہیں بھولیں گے۔۔۔ ولو (بیٹ) کو جادوگر کی چھڑی میں تبدیل کرنے والی کلائیوں سے اظہر کا لیگ سائیڈ کا کھیل ظہیر عباس اور گریگ چیپل کی یاد تازہ کر رہا تھا۔ وہ کرکٹ کے پینٹروں کے درمیان مائیکل اینجلو تھے۔ بعد کے سالوں میں انھوں نے اپنے آف سائیڈ کے کھیل کو بہتر کیا اور جدید دور میں کھیلی گئی کچھ بہترین اننگز کھیلی۔ 1990 میں لارڈز میں کھیلی ان کی 121 رنز اننگز دیوتاؤں کے لیے کھیلی جانے والی ایک اننگ تھی۔ اظہر الدین نے 111 گیند پر کھیلی اپنی اس اننگز میں 22 چوکے لگائے اور سنچری میں سب سے زیادہ چوکے لگانے کا ریکارڈ بھی بنایا۔



بہر حال ابھی جب وہ اپنے کریئر کے عروج پر تھے کہ بی سی سی آئی کپتان سری کانت سے خوش نہیں تھی۔ چھ جنوری 1989 کو انڈین کرکٹ بورڈ کے سربراہ راج سنگھ ڈنگپور بہت سے دوسرے کرکٹروں کے ساتھ حیدر آباد میں تھے۔ ہرشا بھوگلے نے اظہر الدین کی سوانح میں لکھا ہے کہ کس طرح حیدر آباد کے کھلاڑی وجے پال نے ان کے لیے قربانی دی جس کی وجہ سے وہ رنجی ٹرافی میں کھیل سکے۔ پھر بعد میں وجے پال نے صحافی ٹی پی وینو سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انھیں خوشی ہے کہ ان کی قربانی رائیگاں نہیں گئی۔

### 'میاں کپتان بنو گے؟'

وہ بتاتے ہیں کہ اس دن جب سارے بڑے لوگ حیدر آباد میں تھے تو یہ خیال گشت کر رہا تھا کہ اظہر الدین انڈیا کے نئے کپتان ہو سکتے ہیں۔ راج سنگھ ڈنگرپور ٹہلتے ہوئے اظہر الدین کے پاس پہنچے اور ان سے پوچھا: 'میاں کپتان بنو گے؟' تو اظہر الدین کا معصومانہ جواب تھا کہ 'میں تو کپتان ہوں ہی۔'

وہ اس وقت حیدر آباد کے کپتان تھے اور سری کانت کی غیر موجودگی میں اس وقت ساؤتھ زون کی کپتانی بھی کر رہے تھے۔ پھر ڈنگرپور نے مسکرا کر اس کی وضاحت کی۔ اظہر الدین نے کئی بار اس کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس کے بعد اظہر الدین انڈیا کے سب سے کامیاب کپتان بنے انھوں نے 47 ٹیسٹ اور 174 ون ڈے انٹرنیشنل میں انڈین ٹیم کی سربراہی کی جس میں سے 14 ٹیسٹ جیتے اور 90 ون ڈے میں کامیابی حاصل کی۔

اظہرالین کی کبھی سلمان خان سے قربت رکھنے والی اداکارہ سنگیتا بجلانی سے قربت اور پھر شادی نے ان کو ہمیشہ اخبار کی زینت بنائے رکھا۔ وہ کرکٹ کے میدان پر جتنے سادہ تھے کرکٹ کے باہر اتنے ہی فیشن کے دلدادہ تھے کیونکہ کبھی ان کے سوٹ پر خبر شائع ہوتی تھی تو کبھی ان کی مہنگی گھڑیوں پر۔ لیکن پھر اچانک 15 جون 2000 کو جنوبی افریقہ کے اس وقت کے کپتان ہینسی کرونیے نے میچ فکسنگ کے الزام میں تفتیش کاروں کو بتایا کہ 'کانپور میں انڈیا کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کے تیسرے دن کی شام مجھے اظہر الدین کا فون آیا۔۔۔ انھوں نے مجھے ہوٹل کے ایک کمرے میں بلایا اور مکیش گپتا (ایک فکسر یا بکی) سے ملوایا جو ایم کے کے نام سے جانا جاتا تھا اور پھر اظہر الدین ہمیں کمرے میں اکیلا چھوڑ کر چلے گئے۔'

**میچ فکسنگ اور تاحیات پابندی**: اس انکشاف نے کرکٹ کی دنیا اور بطور خاص انڈیا کے بڑے اور نامور کھلاڑیوں کو میچ فکسنگ کے دلدل میں گھسیٹ لیا۔ اس معاملے میں جب بات سامنے آئی تو پاکستان کے سابق کپتان عمران خان نے کہا کہ جب تک تمام کرکٹ بورڈ سختی سے اس کا نوٹس نہیں لیتے تب تک اس لعنت سے نمٹنا مشکل ہے۔ چنانچہ انڈیا کی طرح دنیا کے مختلف کرکٹ بورڈ میں اس بابت جانچ ہونے لگی۔ انڈیا میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے اظہر الدین سمیت کئی کھلاڑیوں کو میچ فکسنگ میں ملوث پایا۔

اظہر الدین اور اجے شرما پر تاحیات کرکٹ کھیلنے پر پابندی لگا دی گئی جبکہ اجے جڈیجہ اور منوج پربھاکر پر پانچ پانچ سال



کرکٹ کھیلنے کی پابندی عائد کی گئی۔ بہر حال 8 نومبر کو ہائی کورٹ نے یہ پابندی ختم کر دی لیکن اس وقت تک اظہر الدین کی عمر جا چکی تھی۔ اس دوران بیڈمنٹن کھلاڑی جوالا گٹا کے ساتھ ان کی قربتوں کی وجہ سے سنگیتا بجلانی سے ان کی علیحدگی ہو گئی جبکہ ان کے چھوٹے بیٹے ایاز الدین کی 2011 میں ایک بائیک حادثے میں موت ہو گئی۔ ان کے بڑے بیٹے اسد الدین کرکٹ کھیلتے ہیں اور ان کی شادی ٹینس سٹار ثانیہ مرزا کی بہن سے ہوئی ہے۔

اظہر الدین نے 2009 میں سیاست میں قدم رکھا اور کانگریس کے ٹکٹ پر اتر پردیش کے انتخابی حلقے مراد آباد سے رکن پارلیمان منتخب ہوئے۔ 2019 میں انھیں حیدر آباد کرکٹ ایسوسی ایشن کا صدر منتخب کیا گیا۔

### عظیم کرکٹر سے محروم

اظہر الدین نے 99 ٹیسٹ میچز کی 147 اننگز میں 6215 رنز بنائے جس میں 22 سنچریاں اور 21 نصف سنچریاں شامل ہیں۔ 334 ون ڈے انٹرنیشنل کی 308 اننگز میں اظہر نے 9378 رنز بنائے جس میں سات سنچریاں اور 58 نصف سنچریاں شامل ہیں۔ ٹیسٹ میں ان کا سب سے زیادہ سکور 199 رنز ہے جبکہ ون ڈے میں 153 ناٹ آوٹ ہے۔ انھوں نے ٹیسٹ اور ون ڈے دونوں میں سو سے زیادہ کیچز پکڑے ہیں۔

کینیڈا میں مقیم پاکستانی نژاد صحافی معین الدین حمید نے سلیم ملک کی زندگی پر کتاب لکھی ہے۔ میں نے ان سے فون پر اظہر الدین کی بابت پوچھا تو انھوں نے کہا کہ ایک بار ان کی بات مختلف صحافیوں کے ساتھ ہو رہی تھی جس میں انڈین کرکٹر روی شاستری بھی تھے۔ تو انھوں نے کہا تھا کہ سلیم ملک اور اظہر دونوں کلائی سے خوبصورت بیٹنگ کرنے والے کھلاڑی تھے۔ معین الدین حمید نے کہا کہ وہ اپنے زمانے کے نہ صرف بہترین بلے باز تھے بلکہ وہ بہترین فیلڈر بھی تھے اور اس کی وجہ سے وہ میچ پر بہت اثر انداز ہوتے تھے۔

لیکن انھوں نے کہا کہ 'بدقسمتی سے سلیم ملک کی ہی طرح ان کا کیریئر بھی متنازع انداز میں وقت سے پہلے ختم ہو گیا اور دنیا ایک عظیم کرکٹر کی خدمات سے محروم ہو گئی۔'

اب بھی وہ گاہے بگاہے کرکٹ کے تنازعات میں نظر آتے ہیں۔ حال ہی میں وراٹ کوہلی اور روہت شرما کے وقفہ لینے پر انھوں نے جو تبصرہ کیا تھا اس پر گاوسکر نے انھیں تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ اظہر الدین کے نام بیٹنگ کے ساتھ فیلڈنگ کا بھی ریکارڈ ہے۔ وہ اپنے زمانے کے دنیا کے تین بہترین فیلڈرز گاور، ہارپر اور اظہر تھے۔ ایک اننگز میں پانچ کیچز پکڑنے کا ریکارڈ اب بھی ان کے نام ہے جبکہ 5000 رنز بنانے اور 50 کھلاڑیوں کو رن آوٹ کرنے کا ریکارڈ بھی ان کے نام ہے۔ بہر حال انڈین کرکٹ کی تاریخ میں اظہر الدین بلاشبہ ایک باب کے مستحق ہیں۔ اگرچہ ان کی تصویر میں سارے خوش کن رنگ نہیں ہوں گے لیکن انھیں ایک ایسے کھلاڑی کے طور پر یاد کیا جائے گا جو منکسر المزاج رہے ہیں اور جنھوں نے کرکٹ کو کئی یادگار اننگز دی ہیں۔

انھیں کوئی کلائی کے جادوگر کے طور پر یاد رکھے گا تو کوئی اپنے ملک کو بیچنے والے کے نام پر لیکن اس سب کے درمیان ان کی رومانس بھری زندگی بھی ضرور یاد کی جائے گی۔ دی سکرول نے اپنے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ ان کی 'ایک تصویر واقعی کبھی نہیں مٹ سکتی ہے۔ ایک گھورتا ہوا، کم عمر اظہر الدین جس کا سر جھکا ہوا ہے بھنویں جھکی ہوئی ہیں، ایک زاویے پر ان کا بیٹ ہے اور وہ مڈ وکٹ باؤنڈری کی طرف سرخ گیند کو فراٹے بھرتا ہوا دیکھ رہے ہیں۔'

☆☆☆☆

---

# 'نیشنل اسپورٹس وژن کانکلیو' میں ذہنی اور جسمانی توازن پر تبادلہ خیال

دہرادون، 8 فروری (یو این آئی) 38 ویں نیشنل گیمز کے تحت 'مولی سمواد: نیشنل اسپورٹس ویژن کنکلیو' کے دسویں دن کا آغاز کھیلوں کی دنیا میں ذہنی اور جسمانی توازن کو برقرار رکھنے کے اہم موضوع پر بحث کے ساتھ ہوا۔ پہلا سیشن تھکاوٹ سے کامیابی تک میں بنیاد پر جدید ایتھلیٹس کے لیے بحالی کی تکنیکوں کی وضاحت کے لئے تھا۔ اس سیشن کو آئی او اے پریس اتاشی جی راجہ رمن نے کنڈکٹ کیا۔ یوگا اور مجموعی صحت کی ماہر ادیتی کھنہ کلیدی مقرر کے طور پر موجود تھیں۔ انہوں نے برن آؤٹ کی تعریف کرتے ہوئے بتایا کہ یہ صرف تھکاوٹ نہیں بلکہ ذہنی، جسمانی اور جذباتی تھکن کی ایک سطح ہے، جس کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے۔




انہوں نے ایتھلیٹس کے لیے آرام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا، ''ایک کھلاڑی کی طاقت صرف اس کی ٹریننگ میں نہیں بلکہ اس کی ریکوری میں چھپی ہوتی ہے۔ مناسب آرام اور ذہنی سکون کارکردگی کو نئی بلندیوں تک لے جا سکتا ہے۔ یوگا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے، انہوں نے اسٹیج پر کچھ رضاکاروں کے ساتھ برن آؤٹ پر قابو پانے کے لئے خصوصی یوگا اور سانس لینے کی تکنیک کی مشق کی۔ اس کے علاوہ تناؤ اور فکر کو دور کرنے کے لیے ایک خاص آرام دہ مشق بھی کی گئی۔ اس موقع پر کھیلوں کی دنیا سے تعلق رکھنے والے راجیو، کارتک اور دیپک کو اعزاز سے نوازا گیا۔

دوسرے سیشن کی مرکزی توجہ تفریح تھی جس سے شائقین نے خوب لطف اٹھایا۔ اس دوران بالی ووڈ کی ڈانس پرفارمنس ہوئی اور ایک شاندار فیشن شو کا انعقاد کیا گیا جس میں ماڈلز نے مختلف ایتھلیٹک لباس پہن کر ریمپ واک کیا۔ اس ریمپ واک کے ذریعے ایتھلیٹس کے اسپورٹس ویئر کلیکشن کو شاندار انداز میں پیش کیا گیا۔

# واشنگٹن، ورون اور اکشر نے بھگوان جگن ناتھ کے درشن



بھونیشور، 8 فروری (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے تین کھلاڑیوں نے اتوار کو کٹک میں انگلینڈ کے خلاف کھیلے جانے والے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ سے قبل پوری کے سری جگناتھ مندر میں ہفتہ کو درشن کیے اور پوجا کی۔

واشنگٹن سندر، ورون چکرورتی اور اکشر پٹیل نے سخت سیکورٹی کے درمیان آج صبح جگن ناتھ مندر میں بھگوان بالا بھدر، دیوی سبھدرا اور بھگوان جگن ناتھ کے درشن کیے۔ اس دوران پولیس نے کھلاڑیوں کی حفاظت کے لیے سخت انتظامات کیے تھے۔

---

# یوپی کو نیشنل گیمز میں اب تک ملے 24 تمغے

لکھنؤ، 8 فروری (یو این آئی) اتراکھنڈ میں جاری 38 ویں نیشنل گیمز میں اتر پردیش اب تک 24 تمغے جیت کر پوائنٹس ٹیبل میں 12 ویں نمبر پر پہنچ گیا ہے۔



جمعہ کو مردوں کے انڈین راؤنڈ تیر اندازی میں اتر پردیش کے کھلاڑیوں نے سونے اور چاندی کے تمغے جیتے۔ تیر اندازی کے ٹیم ایونٹ میں بھی اتر پردیش نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اتر پردیش اولمپک ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر آنندیشور پانڈے نے بتایا کہ جمعہ کو اتر پردیش نے ایک طلائی، 3 چاندی اور ایک کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اب تک اتر پردیش نیشنل گیمز میں 7 طلائی، 10 چاندی اور 7 کانسے کے تمغوں سمیت کل 24 تمغے جیت کر تمغوں کی فہرست میں 12 ویں مقام پر پہنچ گیا ہے۔ دہرادون میں منعقدہ مردوں کے انڈین اسٹائل انفرادی تیر اندازی مقابلے میں اتر پردیش کے طلائی تمغہ جیتا، انہیں فائنل میں اتر پردیش کے ہی شبھم کو شکست دی، جنہوں نے چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ اس مقابلے میں منی پور کے چنگا کھم نیلسن سنگھ نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اس کے بعد مردوں کے انڈین راؤنڈ تیر اندازی ٹیم ایونٹ میں اتر پردیش کے شبھم، منیش، جئے دیپ کشواہا اور ابھیشیک کی ٹیم دوسرے نمبر پر رہی۔ اس مقابلے میں ہریانہ نے طلائی تمغہ جیتا جبکہ مہاراشٹرا نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ اتر پردیش کی سونیا نے پتھورا گڑھ میں منعقدہ باکسنگ مقابلے میں خواتین کے بینٹم ویٹ 54) کلوگرام) زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ فائنل مقابلے میں انہیں مدھیہ پردیش کی دویا پنوار نے 4اُ 1 سے ہرا کر طلائی تمغہ جیتنے سے روک دیا۔ وہیں تائیکوانڈو کے کیوریوگی ایونٹ میں مردوں کے انڈر 68 کلوگرام وزن کے زمرے میں اتر پردیش کے ونیت کمار نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

# دبئی میں انٹر کانٹینینٹل لیجنڈز چیمپئن شپ ٹرافی کی رونمائی

دبئی، 8 فروری (یو این آئی) دبئی میں منعقدہ شاندار تقریب میں انٹر کانٹینینٹل لیجنڈز چیمپئن شپ (ILC) ٹرافی کی نقاب کشائی کی گئی۔ چیمپئن شپ 3 سے 12 مارچ 2025 تک دہرادون کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلی جائے گی جس میں مختلف براعظموں کی چھ ٹیمیں حصہ لیں گی، جن میں افریقہ لائنز، امریکن اسٹرائیکرز، ایشین ایونجرز، یورو گلیڈی ایٹرز، کیریبین ہریکینز اور ٹرانس ٹائٹنز شامل ہیں۔ ٹرافی کی نقاب کشائی کی تقریب کا اہتمام لیگ کے آفیشل منیجرز 100 اسپورٹس مینجمنٹ پرائیویٹ لمیٹڈ نے کیا تھا۔ امیش کمار، ایم ایل اے (خانپور، اتراکھنڈ)، آئی ایل سی کے سی ای او پردیپ سانگوان، جنوبی افریقہ کے سابق بلے باز اور آئی ایل سی کے پروموٹر ہرشل گبز، سابق ہندوستانی کرکٹر مناف پٹیل اور 100 اسپورٹس مینجمنٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کے بانی رویندر بھائی تقریب کے دوران موجود تھے۔ پردیپ سانگوان نے کہا، "یہ لیگ صرف ٹورنامنٹ نہیں ہے بلکہ دنیا بھر کے کھیلوں سے محبت کرنے والوں کو ایک پلیٹ فارم سے جوڑنے کا ایک ذریعہ ہے۔ ہندوستان سے شروع ہو کر دنیا کے مختلف براعظموں کا سفر کرتے ہوئے یہ لیگ کئی لحاظ سے خاص ہے۔ اس کا نقطہ نظر کھلاڑیوں میں نئی مسابقتی روح کو جگانا ہے۔ ہرشل گبز نے کہا، "انٹر کانٹینینٹل دیگر لیگز سے مختلف ہے کیونکہ یہ متعدد براعظموں پر محیط ہے، جو اسے مزید مسابقتی بناتا ہے۔ اس میں آپ کو ہر اس جذبے کا سامنا کرنا پڑے گا جو بین الاقوامی سطح پر دیکھا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ لیجنڈز کرکٹ ہے، لیکن ایک چیز جو کبھی کھیل سے دور نہیں ہوتی، وہ مسابقت ہے اور مجھے یقین ہے کہ شائقین کو اس لیگ میں بہت عمدہ کرکٹ دیکھنے کو ملے گی۔

# حیدرآباد نے محمڈن کو 3-1 گول سے شکست فاش دے دی

## محمڈن خراب کھیلی اور ہار گئی، مگر سبھی ریفری، لائینس مین کی آنکھیں کمزور ہیں

حیدرآباد 8 فروری: حیدر آباد ایف سی نے بہت ہی آسانی کے ساتھ آئی ایس ایل کے میچ میں محمڈن اسپورٹنگ کو 3-1 گول سے شکست فاش دے دی جس میں محمڈن کی طرف سے شمال مشرقی ریاست کے ماکن چھوتے نے 78ویں منٹ پر ایک گول اسکور کیا جبکہ حیدر آباد کی طرف سے ایلن دی سوزا، رملن چھنگا اور جوزف سنی نے گول اسکور کئے۔ محمڈن کے کھلاڑیوں نے گزشتہ 18 میچوں کی طرح سے 19ویں منچ میں بھی گول ضائع کرنے کا ریکارڈ بنایا اور آج جس انداز میں گول ضائع کیا گیا اور باکس کے اندر گیند پکڑنے کے بعد کھلاڑی کو جس طرح سے پھسل کر زمین پر گرتے دیکھا گیا اس سے یہ شک پیدا ہو چلا کہ حریف ٹیم محمڈن کو شکست نہیں دے رہی ہے بلکہ محمڈن خود اپنی شکست




کا اہتمام کر رہی ہے اور ان کھلاڑیوں کو جو ماہانہ لاکھوں روپے تنخواہ اٹھات ے ہیں وہ اس انداز میں گول ضائع کریں گے اس کا بالکل اندازہ نہیں تھا اور نہ ہی اس کی امید کی جاسکتی ہے۔ پوری ٹیم میں صرف الیکسیز کو محنت کرتے اور صحیح گیند پاسنگ کرتے دیکھا گیا ورنہ کسی بھی دوسرے کھلاڑی نے اپنے کھیل سے متاثر نہیں کیا۔ محمڈن نے خراب کھیل پیش کیا اور ہار گئی لیکن ایک بات ضرور ہے کہ اے آئی ایف ایف نے اس سال آئی ایس ایل کیلئے جن ریفریوں اور لائینس مینوں کا انتخاب کیا ہے اس کے بارے میں تحقیقات کرائی جائے کہ وہ سب اندھے کانے تو نہیں ہیں جو خطرناک فاؤل اور گیند لائین سے باہر چلیج ارہی ہے اور یہ کانے ریفری اسے دیکھ نہیں پاتے۔

# لوکی فرگوسن کی انجری سے نیوزی لینڈ کی پریشانیں بڑھیں

ابوظہبی، 8 فروری (یو این آئی) چیمپئنز ٹرافی سے عین قبل نیوزی لینڈ کے تیز گیند باز لوکی فرگوسن کی فٹنس نے نیوزی لینڈ کی پریشانیوں کو بڑھا دیا ہے۔ فرگوسن بدھ کو متحدہ عرب امارات میں آئی ایل ٹی 20 کے دوران ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہوئے تھے، جس سے چیمپئنز ٹرافی اور پاکستان میں اس سے قبل ہونے والی سہ فریقی سیریز کے لیے ان کی دستیابی پر خطرہ منڈلانے لگا ہے۔ ڈیزرٹ وائپرز کے لیے کھیلتے ہوئے، فرگوسن اپنے اسپیل کی آخری گیند نہیں کر سکے اور چوٹ کی وجہ سے میدان چھوڑ گئے۔ میچ کے بعد کی پریزنٹیشن سے خطاب کرتے ہوئے، فرگوسن نے اپنی انجری کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا تھا، مجھے ہیمسٹرنگ میں تھوڑا سا مسئلہ ہے۔ "نیوزی لینڈ کے ہیڈ کوچ گیری اسٹیڈ نے تصدیق کی کہ انجری کی شدت کا اندازہ لگانے کے لیے فرگوسن کا اسکین کرایا گیا ہے اور مزید معلومات کا انتظار ہے۔ اسٹیڈ نے آج شروع ہونے والی سہ فریقی سیریز کے آغاز سے ایک دن پہلے جمعہ کو کہا، ''یو اے ای میں جمعرات کو لوکی کا اسکین ہوا۔ ہمیں یہاں تصاویر موصول ہوئی ہیں اور ہم اپنے ریڈیولوجسٹ کی رپورٹ کا انتظار کر رہے ہیں۔ نیوزی لینڈ چیمپئنز ٹرافی 2025 کی مہم کا آغاز گروپ اے میں میزبان پاکستان کے خلاف 19 فروری کو کراچی میں کرے گا، اس کے بعد 26 فروری کو راولپنڈی میں بنگلہ دیش اور 2 مارچ کو دبئی میں ہندوستان کے خلاف میچ ہوں گے۔

# چیمپئنز ٹرافی میں ہندوستان کو ہرانا ایک چیلنج ہے: شریف

لاہور، 08 فروری (یو این آئی) پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی کا جنون اپنے عروج پر ہے اور پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف بھی 19 فروری سے شروع ہونے والے کرکٹ کے مہاکمبھ سے اچھوتے نہیں ہیں۔ جمعہ کی شب لاہور میں نو تعمیر شدہ قذافی اسٹیڈیم کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے مسٹر شریف نے کہا کہ ہندوستان کو شکست دینا آسان نہیں ہوگا اور پاکستانی ٹیم کو پڑوسی ملک کو کرکٹ کے میدان میں شکست دینے کے لیے اپنی بہترین کارکردگی دینا ہوگی۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کا مقابلہ 23 فروری کو دبئی میں ہندوستان سے ہوگا۔ مسٹر شریف نے کہا کہ "ہماری ٹیم بہت اچھی ہے اور اس نے حالیہ دنوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے لیکن اب ان کے لیے اصل چیلنج نہ صرف چیمپئنز ٹرافی جیتنا ہوگا بلکہ دبئی میں ہونے والے میچ میں اپنے روایتی حریف ہندوستان کو ہرانا بھی ہوگا۔ پاکستان ٹیم کو پورے ملک کی حمایت حاصل ہے۔ سہ فریقی سیریز میں آج پاکستان کا نیوزی لینڈ سے مقابلہ ہے۔ پاکستان نے آخری بار 2021 میں دبئی میں ہونے والے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں ہندوستان کو شکست دی تھی۔ پاکستان چیمپئنز ٹرافی میں بطور دفاعی چیمپئن شرکت کرے گا۔ اس سے قبل وہ 2017 میں انگلینڈ میں منعقدہ ٹورنامنٹ جیت چکے ہیں۔ شریف نے کہا کہ یہ پاکستان کے لیے بہت بڑا موقع ہے کیونکہ ہم تقریباً 29 سال بعد آئی سی سی ایونٹ کی میزبانی کر رہے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ ہماری ٹیم چیمپئنز ٹرافی میں بھی ملک کا سر فخر سے بلند کرے گی۔ قذافی اسٹیڈیم کی تزئین و آرائش کا کام 117 دنوں میں مکمل کر لیا گیا۔ اس کی افتتاحی تقریب میں معروف گلوکار علی ظفر، عارف لوہار اور آئمہ بیگ نے بھی حاضرین کو محظوظ کیا۔

# کوہلی ون ڈے کے لیے کٹک کے لیے فٹ



کٹک، 08 فروری (یو این آئی) ہندوستان کے اسٹار بلے باز وراٹ کوہلی کو انگلینڈ کے خلاف اتوار کو کھیلے جانے والے دوسرے ایک روزہ میچ کے لیے فٹ قرار دیا گیا ہے۔ کوہلی گھٹنے کی چوٹ کی وجہ سے پہلا ون ڈے نہیں کھیل سکے تھے۔ ہندوستانی ٹیم کے بیٹنگ کوچ سیتانشو کوٹک نے میچ کے موقع پر منعقدہ پریس کانفرنس میں صحافیوں کو بتایا کہ کوہلی فٹ ہیں اور وہ آج ہمارے ساتھ پریکٹس کریں گے۔ کوہلی کی ٹیم میں واپسی کی صورت میں پلیئنگ الیون میں شامل بلے بازوں میں سے ایک کو اب بینچ پر بیٹھنا ہوگا۔ ان میں سے یشسوی جیسوال اور شریاس ایر میں سے کسی ایک کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی وراٹ کے لیے اچھی کارکردگی دکھانا ایک چیلنج ہوگا۔ وراٹ کا بلا کافی عرصے سے خاموش ہے۔

# سہ ملکی سیریز: نیوزی لینڈ کا پاکستان کو 331 رنز کا ہدف

کراچی، 8/فروری: سہ ملکی سیریز کے پہلے میچ میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 331 رنز کا ہدف دے دیا۔ قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے جارہے میچ میں



نیوزی لینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 50 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 330 رنز بنائے۔ گلین فلپس 106 رنز کے ساتھ ناقابل شکست رہے، ڈیرل مچل 81 رنز اور کین ولیمسن 58 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ پاکستان کی جانب سے شاہین شاہ ا؟ فریدی نے 3، ابرار احمد نے دو اور حارث روف نے ایک کھلاڑی کو پویلین کی راہ دیکھائی۔ قبل ازیں نیوزی لینڈ کے کپتان مچل سینٹنر نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا، کیوی کپتان کا کہنا تھا کہ وکٹ بیٹنگ کے لیے سازگار دکھائی دے رہی ہے، کوشش ہوگی میچ میں فتح کیساتھ شروعات کریں۔ اس موقع پر قومی ٹیم کے کپتان محمد رضوان کا کہنا تھا ہم بھی ٹاس جیت کر بیٹنگ ہی کرتے تاہم کوشش ہوگی حریف ٹیم کی جلد وکٹیں لیکر پریشر بڑھائیں۔ پاکستان کا اسکواڈ: کپتان محمد رضوان، فخر زمان، بابر اعظم، کامران غلام، سلمان علی آغا، طیب طاہر، خوشدل شاہ، شاہین آفریدی، نسیم شاہ، حارث رؤف اور ابرار احمد شامل ہیں۔

# ہندوستان سیریز جیتنے کے ارادے سے اترے گا

کٹک، 8 فروری (یو این آئی) سیریز کے افتتاحی میچ میں اپنے شاندار مظاہرہ سے پر جوش ہندوستانی ٹیم اتوار کو بارابتی اسٹیڈیم میں انگلینڈ کے خلاف دوسرے ون ڈے میچ میں تین میچوں کی ایک روزہ سیریز اپنے نام کرنے کے ارادے سے میدان میں اترے گی، جب کہ مہمان انگلینڈ سیریز کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کرے گا۔ ناگپور میں پہلے ایک روزہ میچ میں جیت حاصل کرنے کے بعد، ہندوستانی ٹیم مقابلے میں لے کے ساتھ اترے گی۔ تاہم کپتان روہت شرما کی فارم پر خدشات برقرار ہیں۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے قبل صرف دو میچ باقی ہیں اور اوپنر اپنی فارم دوبارہ حاصل کرنے کے لیے بے چین ہوں گے۔ روہت نے میچ سے پہلے کہا،'' میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ ہم اس بات کو یقینی بناتے رہیں کہ ہم جتنی بار ممکن ہو صحیح کام کریں۔ ایسا کچھ بھی خاص نہیں ہے جسے ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ہم صرف گیند بازی، بلے بازی اور دیگر پہلوؤں کو فٹ اور بہتر رکھنا چاہیں گے۔'' ناگپور میں اپنے ڈیبیو میچ میں متاثر کرنے والے نوجوان تیز گیند باز ہرشیت رانا اپنی کارکردگی کو آگے بڑھانا چاہیں گے۔ اگرچہ انگلینڈ کے اوپنرز نے انہیں ابتدائی دباؤ میں ڈال دیا تھا، لیکن انہوں نے زبردست واپسی کی اور تین اہم وکٹیں حاصل کر کے مہمان ٹیم کو 248 رن پر روک دیا۔ دوسرے ایک روزہ میں انگلینڈ کے ٹاپ آرڈر کے خلاف ان کا کردار اہم ثابت ہوسکتا ہے۔

عالی جانب!

ہر سال کی طرح امسال بھی ادارہ بیت المال کیلابگان کے زیر اہتمام اجتماعی نکاح (شادی) کا اہتمام کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس تقریب میں ۲۰/جوڑے رشتہ ازدواج سے منسلک ہوں گے۔ جو حسب ذیل ہیں۔

بتاریخ: مورخہ ۰۹/فروری ۲۰۲۵ء بوقت: بعد نماز ظہر، بروز اتوار

بمقام: بیت المال کیلابگان کمیونٹی ہال، ۹۰/اے، مدن موہن برمن اسٹریٹ، کولکاتا-۷

اس مبارک موقع پر آپ کی شرکت ہمارے لئے ''باعث مسرت'' ہوگی

The Baitulmal Kelabagan requests you to grace the occasion of the 17th MASS MARRIAGE Ceremony of Twenty Couples on Sunday, 9th February 2025, at Baitulmal Kelabagan Community Hall, at 90A, Madan Mohan Burman Street, Kolkata-700007. The programme will commence at 1:00 p.m.

Your graceful presence will enhance the dignity of this auspicious occasion.

WITH BEST COMPLIMENTS FROM:

All Members of Baitulmal Kelabagan

Jb. Md. Jasimuddin
President (BMK)
Hon'ble Councillor, Ward 39

Jb. Shaique Ahmed
General Secretary
Baitulmal Kelabagan

Jb. Md. Imran
Acting General Secretary
Baitulmal Kelabagan

Jb. Md. Barkat Ali
Treasurer
Baitulmal Kelabagan

النکاح من سنتی

تقریب شادی خانہ آبادی

17th

MASS MARRIAGE CEREMONY

BAITULMAL KELABAGAN
بیت المال کیلابگان

Organised by :
BAITULMAL KELABAGAN
90A, Madan Mohan Burman Street, Kolkata - 700 007
Phone : 2241 - 4136

The Mass Marriage Ceremony of Twenty Couples
On Sunday, at 1.00 p.m. 9th February, 2025

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا-12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھا گا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔-(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804